39991- جس نے رمضان کی قضاء کا روزہ کھول دیا اس پر صرف ایک دن کی قضاء ہوگی

سوال

ایک عورت حیض کے باعث رمضان کے چھوڑے ہوئے روزے بطور قضاء رکھ رہی تھی تو دوران قضاء اسے ماہواری شروع ہوگئی تو کیا وہ ایک دن کی قضاء کرے گی یا دو یوم کی ؟

پسندیدہ جواب

اس کے ذمہ صرف ان ایام کی قضاء ہوگی جو اس نے رمضان میں روزے نہیں رکھے تھے، کیونکہ جن ایام میں اسے ماہواری شروع ہوئی ہے وہ ان ایام کے بدلے میں تھے جو اس نے رمضان المبارک میں نہیں رکھے نہ کہ نئے واجب کردہ روزے ہیں.

ابن حزم رحمہ اللہ تعالی نے اپنی کتاب "المحلی" میں کہا ہے کہ :

جس نے رمضان کی قضاء میں رکھا ہوا روزہ جان بوجھ کر عمدا کھول دیا تو اس پر صرف ایک یوم کی قضاء ہی ہوگی، کیونکہ قضاء کا واجب شرعی واجب ہے جس کا اللہ تعالی نے حکم نہیں دیا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کے یوم کی قضاء کی، لھذا کسی کے لیے بھی یہ جائز نہیں کہ وہ بغیر کسی نص اور اجماع کے اس سے زیادہ کرے. اھ

دیکھیں : المحلی لابن حزم (271/6)

اور بعض سلف رحمہ اللہ تعالی سے منقول ہے کہ : اس کے ذمہ دو یوم کی قضاء ہوگی ایک دن رمضان اور دوسرا قضاء کا. اھ

اور تاج الاکلیل میں ہے کہ :

جس نے بھی رمضان کی قضاء میں رکھا ہوا روزہ کھول دیا وہ صرف ایک یوم کی قضاء کرے گا.

دیکھیں : تاج الاکلیل (387/3)

واللہ اعلم.